درود

نگہت ہاشمی

① اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

"یا اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اسی طرح رحمت فرما جس طرح تو نے ابراہیم اور آل ابراہیم پر رحمت فرمائی۔ تعریف اور بزرگی تیرے ہی لیے ہے۔ یا اللہ! محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم علیہ السلام آلِ ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی۔ تو بزرگ ہے اور اپنی ذات میں آپ محمود ہے۔" (صحيح البخاري: 3370)

② اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعٰلَمِيْنَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

"یا اللہ! تمام جہانوں میں محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اسی طرح رحمت نازل فرما جس طرح آلِ ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی، محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تو نے آل ابراہیم پر برکت نازل فرمائی۔ یقیناً تو قابلِ تعریف بزرگ ہے۔" (مسلم: 907)

③ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

”یا اللہ! امی نبی محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اسی طرح رحمت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی اور امی نبی محمد ﷺ پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی۔ تو یقیناً اپنی ذات میں آپ محمود اور بزرگ ہے۔“

(مسند أحمد: 119/4)

④ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

”اے اللہ! محمد ﷺ اور ان کی ازواج اور ان کی اولاد پر اپنی رحمت نازل فرما جیسا کہ تُو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل کی اور محمد ﷺ اور ان کی ازواج اور ان کی اولاد پر برکت نازل فرما جیسا کہ تو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی۔ بلاشبہ تو تعریف کیا گیا شان وعظمت والا ہے۔“ (صحيح البخاري: 6360)

⑤ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا

صَلَّيْتَ عَلٰى ابْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى ابْرَاهِيْمَ.

”اے اللہ! اپنی رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر جو تیرے بندے ہیں اور تیرے رسول ہیں جس طرح تو نے رحمت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر اور برکت بھیج محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر جس طرح برکت بھیجی تو نے ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر۔“ (بخاري:6358)

⑥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ.

”اے اللہ! آلِ محمد ﷺ پر رحمت فرما جیسا کہ تُو نے آلِ ابراہیم علیہ السلام پر رحمت فرمائی۔ اے اللہ! آلِ محمد ﷺ پر برکت نازل فرما جیسا کہ تُو نے آلِ ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی۔“

(فضل الصلاة على النبي لإسماعيل بن إسحاق القاضي، ص:71)

⑦ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

”اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر برکت نازل فرما جیسا کہ تو نے ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی۔ یقیناً تو قابلِ تعریف، بزرگی والا ہے۔“

(مسند أحمد: 1714)

⑧ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ.

”اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اپنی رحمتیں نازل فرما۔“

(سنن النسائي:1293)

⑨ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَ رَحْمَتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ إِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَإِمَامَ الْخَيْرِ وَقَآئِدِ الْخَيْرِ وَ رَسُوْلِ الرَّحْمَةِ اَللّٰھُمَّ ابْعَثْهُ مُقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى ابْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ ابْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى ابْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ ابْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

”اے اللہ! اپنی رحمت اور برکتیں نازل فرما سید المرسلین، امام المتقین اور خاتم النّبیین محمد ﷺ پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں، خیر کے امام اور قائد ہیں اور رسولِ رحمت ہیں۔ اے اللہ! انھیں مقامِ محمود پر فائز فرما جس پر پہلے اور بعد والے رشک کریں۔ اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جیسا کہ تُو نے ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی۔ یقیناً تو

قابلِ تعریف بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر برکت نازل فرما جیسا کہ تُونے ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی۔ یقیناً تو قابلِ تعریف بزرگ ہے۔‘‘ (سنن ابن ماجه: 906)

سیدنا انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

’’جب تک رسول اللہ ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے کوئی دعا قبول نہیں کی جاتی۔‘‘

(السلسلة الأحاديث الصحيحة للألباني الجزء الخامس: 2035)

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

’’جوکوئی مجھ پر درود بھیجنا بھول گیا اس سے جنت کا راستہ چُوک گیا۔‘‘

(رواه ابن ماجه في سننه برقم: 908)